Hon. President
Dr. Salma Aslam Kundi

Hon. President Elect
Dr. Hameedullah Khan

Hon. Immediate Past President
Dr. Ikram Ahmed Tunio

Hon. Secretary General
Dr. S.M.Qaisar Sajjad

Hon. Treasurer
Dr. Qazi Muhammad Wasiq

Hon. Joint Secretaries
Dr. Amir Saleem

Dr. Akbar Ali Soomro

Hon. Chairman E.B. JPMA
Dr. Sarwar Jamil Siddiqui

Hon. Editor The Medical Gazette
Dr. Alia Bano

PAKISTAN MEDICAL ASSOCIATION

27 نومبر 2021

پریس ریلیز

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) W.H.O کی طرف سے کووڈ-19 کی نئی قسم کی درجہ بندی پر بہت زیادہ فکرمند ہے یعنی Omicron جوکہ تیزی سے پھیلنے والی قسم ہے۔ یہ سب سے پہلے جنوبی افریقہ میں پایا گیا تھا اور اب مسافروں کے ذریعے دنیا کے دیگر حصوں تک پہنچ رہا ہے۔ جنوبی افریقہ میں کرونا کی اس قسم میں طبی طور پر ہلکی علامات پائی گئیں ہیں جن میں سونگھنے اور ذائقے کا کوئی نقصان نہیں ہوتا ہے۔

پی ایم اے نے ایک بار پھر حکومت کو خبردار کیا ہے کہ وہ تیار اور چوکس رہے اور کرونا کی اس قسم کو ملک میں داخل ہونے سے روکنے کیلئے فوری طور پر حفاظتی اقدامات کرے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ جنوبی افریقہ اور اس خطے کے دیگر ممالک سے ہوائی سفر پر عارضی پابندی عائد کی جائے۔ ہم حکومت کو پرزور مشورہ دیتے ہیں کہ وہ ایئرپورٹس اور ملک کے دیگر داخلی مقامات پر سہولیات کو بہتر بنائے تاکہ مسافروں کی اسکینگ کی جاسکے اور ایئرپورٹس پر اینٹی جن کووڈ 19 ٹیسٹ دوبارہ شروع کیا جائے خاص طور پر ان مسافروں کا جو زیادہ خطرے والے ممالک سے خاص طور پر جنوبی افریقہ سے آتے ہیں۔ اگر کسی میں کووڈ 19 کی علامات پائی جاتی ہیں تو اسے نگرانی کیلئے داخلی مقامات پر قرنطینہ میں رکھا جائے۔ کورونا وائرس کے مثبت آنے والے مریضوں کو الگ تھلگ سہولیات میں رکھا جائے۔

حکومت تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرے اور فوری طور پر ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کرائے۔ ہمیں ڈر ہے کہ اگر حکومت ایسا کرنے میں ناکام رہی تو خدانہ کرے ہمیں دسمبر کے وسط یا آخر تک CoVID-19 کی ایک اور لہر کا سامنا ہو سکتا ہے۔ یہ سنگین بھی ہو سکتی ہے کیونکہ یہ نئی قسم زیادہ متعدی ہے۔ ہمیں کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچنے کے لیے بہت محتاط رہنا چاہیے تاکہ ملک میں کرونا کی صورتحال خراب نہ ہو پائے۔

پی ایم اے لوگوں سے ویکسین لگوانے کی درخواست کرتی ہے۔ جن لوگوں نے ویکسین نہیں لگوائی وہ بیماری کی پیچیدگی کا سامنا کر سکتے ہیں۔ ہم آپ سے یہ بھی درخواست کرتے ہیں کہ احتیاطی تدابیر اپنائیں، جب بھی باہر نکلیں ماسک پہنیں، سماجی فاصلہ رکھیں، مناسب وقفوں سے اپنے ہاتھوں کو دھوئیں یا سینیٹائز کریں، ہاتھ ملانے اور گلے ملنے سے گریز کریں۔ مزید برآں کووڈ-۱۹ کو روک کر ہم اپنی تجارت اور کاروبار کو آگے بڑھا سکیں گے ورنہ حکومت دوبارہ کورونا سے متعلق پابندیاں لگانے پر مجبور ہوگی۔ آگاہ رہیں کہ اگر آپ نے ویکسین لگوائی ہے تو پھر بھی آپ ہلکی علامات کے ساتھ کرونا سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

یہ صرف آپ کو خبردار کرنے کے لئے آگاہی دی جارہی ہے لہذا آپ کو فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں۔

ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد
اعزازی سیکریٹری جنرل
پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹر

Sir Aga Khan III Road, Karachi – 74400, Pakistan.
Tel: 021-32254632, 32251159, Fax: 32231534
Email: pma.centre@hotmail.com, Website: pmacentre.org.pk